**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 16.06.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | پی ایس ڈی پی فنڈز کا 90 فیصد استعمال گڈ گورننس کا نتیجہ ہے، میر سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | صوبے کے مجموعی تعمیر وترقی اور صحت وتعلیم کی بہتری اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | عوام متحد ہوکر ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنائیں، میاں خان بگٹی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | آبی پانی پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں، فیصل خان جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | کوئٹہ میں پیٹرول کا کوئی بحران نہیں، ترجمان بلوچستان حکومت | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پیٹرول کا بحران شدید ہوگیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان کا 1000 ارب روپے سے زائد کا سرپلس بجٹ کل پیش ہوگا | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | ریکوڈک منصوبے میں آئی ایف سی کی کل سرمایہ کاری 700 ملین ڈالر تک پہنچ گئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | وفاقی محتسب ریجنل آفس قلات کے زیراہتمام کھلی کچہری کا انعقاد | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | ڈی سی قلات کی زیرصدارت امن وامان سے متعلق اہم اجلاس | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ کا بازار کا دورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | ایران سے متصل پنجگور گوادر اور کیچ سرحدیں بند، پاکستان ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کا حصہ نہیں، دفتر خارجہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | اعلیٰ تعلیم کا فروغ بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے، ڈائریکٹر کالجز | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | نو تعینات شدہ سوشل موبلائزر صوبے میں مثبت سماجی تبدیلی لائینگے، عبداللہ خان | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حفاظتی ٹیکوں سے متعلق آگاہی ضروری ہے، ڈی سی لورالائی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بچوں کو مہلک بیماریوں سے بچانا ہے اے ڈی سی پشین | باخبر ودیگراخبارات |
| 18 | مون سون بارشوں سے قبل پیشگی تیاریوں کو مکمل کیا جائے، ڈی سی کوئٹہ | آزادی ودیگراخبارات |

## امن وامان:

نصیرآباد کے دو نوجوانوں کو ڈاکو اغوا کر کے لئے گئے، سوئی فائرنگ سے شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا، مستونگ میں روزانہ کی بنیاد پر چوریاں، پولیس مکمل ناکام شہری غیر محفوظ، اوستہ محمد موٹر سائیکل چھننے کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو افراد شدید زخمی

## عوامی مسائل:

شدید گرمی میں بجلی بحران جاری، صارفین ذہنی کوفت کا شکار،

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 16.06.2025**

**اداریہ:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**کوئٹہ تا کچلاک شٹل ٹرین سروس کا عوامی منصوبہ !!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ریلوے سروس کی بہتری بالخصوص کوئٹہ تا کچلاک مسٹل ٹرین سروس سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے سریاب سٹیشن سے کچلاک تک 32 کلو میٹر طویل ریلوے ٹریک کو شٹل سروس کے لیے قابل استعمال بنانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ریلوے حکام نے بتایا کہ مجوزہ منصوبے کے تحت پانچ سٹیشنز سریاب، کوئٹہ، شیخ ماندہ بلیلی اور کچلاک کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ اس منصوبے کا تخمینہ 283 ملین روپے لگایا گیا ہے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ تا کچلاک شٹل ٹرین سروس کا منصوبہ نہ صرف قابل عمل ہے بلکہ اس سے کوئٹہ اور گردونواح کے عوام کو آرام دہ اور باسہولت سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ اس منصوبے پر سنجیدہ غور و فکر جاری ہے اس پر عمل درآمد سے صوبائی دارالحکومت پر بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ میں نمایاں کمی آئے گی۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں ریلویز کے دائرہ کار کو وسعت دے کر عوام کو جدید سفری سہولیات فراہم کی جائیں گی اور وفاقی حکومت کے اشتراک سے انفراسٹرکچر منصوبوں کو تیزی سے عملی شکل دی جائے گی۔

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**کوئٹہ میں نشے کے عادی افراد کی تعداد میں اضافہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**علم کے فروغ اور تعمر و ترقی کا سفر کا کا شہید فائونڈیشن کا مثالی کردار** " کے عنوان سے محمد نسیم کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے، گورنر مندوخیل

## تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایک متوازن اور جامع بجٹ ترتیب دیا جائیگا، اسپیکر عبدالخالق

### کیتھران ہاؤس میں ن لیگ کا اجلاس، صوبائی وزراء سمیت دیگر اہم سیاسی و پارلیمانی شخصیات نے کی

کوئٹہ (خ ن) مسلم لیگ (ن) کا اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس گزشتہ روز کیتھران ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس میں مالی سال 2025۔26 کے بجٹ کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر شعیب نوشیروانی، برکت رند، نوابزادہ زرین مگسی، حاجی ولی نورزئی، حاجی نور اتمانخیل، حاجی نور محمد دمڑ، محمد خان لہڑی، محترمہ حادیہ نواز اور زرک خان مندوخیل سمیت دیگر اہم سیاسی و پارلیمانی شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ بجٹ میں تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کو ترجیح دینے پر اتفاق کیا گیا، جب کہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکجز پر غور کیا گیا۔ روزگار کے مواقع بڑھانے، نوجوانوں کے لیے منصوبے شامل کرنے اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو بجٹ کا حصہ بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ "عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے"۔ اسپیکر اسمبلی کا کہنا تھا کہ "تمام اسٹیک ہولڈرز کو بجٹ مشاورت میں شامل کیا جائے گا تاکہ ایک متوازن اور جامع بجٹ ترتیب دیا جا سکے"۔ صوبائی وزراء نے اپنے متعلقہ محکموں کی مالی ضروریات پر تفصیلی بریفنگ دی اور ترقیاتی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا آئندہ مالی سال کا بجٹ ترقی، استحکام اور شفافیت کا مظہر ہوگا۔ عوام کی نظریں بجٹ پر ہیں، ہمیں صرف منصوبے نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ "مہنگائی اور بیروزگاری کے خلاف بجٹ میں واضح حکمت عملی اپنائی جائے گی اور شفافیت، احتساب اور نتائج کو اولین اہمیت دی جائے گی اجلاس کے دوران اتحادی جماعتوں کو بجٹ مشاورت میں شامل کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا، تاکہ تمام سیاسی قوتوں کی مشاورت سے ایک عوامی مفاد پر مبنی بجٹ پیش کیا جا سکے۔

---

MASHRIQ QUETTA

# عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے، جعفر مندوخیل

## مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کل پیش ہونیوالے بجٹ پر مشاورت

### آئندہ مالی سال کا بجٹ ترقی، استحکام اور شفافیت کا مظہر ہوگا، عبدالرحمن کھیتران

کوئٹہ (خ ن) کھیتران ہاؤس کوئٹہ میں آج مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا، جس میں آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی رہائش گاہ پر آمد کی اور اجلاس میں شرکت کی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر).......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالخالق اچکزئی بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر شعیب نوشیروانی، برکت رند، نوابزادہ زرین مگسی، حاجی ولی نورزئی، حاجی نور اتمانخیل، حاجی نور محمد دمڑ، محمد خان لہڑی، محترمہ حادیہ نواز اور زرک خان مندوخیل سمیت دیگر اہم سیاسی و پارلیمانی شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ بجٹ میں تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کو ترجیح دینے پر اتفاق کیا گیا، جب کہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکجز پر غور کیا گیا۔ روزگار کے مواقع بڑھانے، نوجوانوں کے لیے منصوبے شامل کرنے اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو بجٹ کا حصہ بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ "عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے"۔ اسپیکر اسمبلی کا کہنا تھا کہ "تمام اسٹیک ہولڈرز کو بجٹ مشاورت میں شامل کیا جائے گا تاکہ ایک متوازن اور جامع بجٹ ترتیب دیا جا سکے"۔ صوبائی وزراء نے اپنے متعلقہ محکموں کی مالی ضروریات پر تفصیلی بریفنگ دی اور ترقیاتی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز اتوار 15 جون 2025ء بمطابق 18 ذی الحجہ 1446ھ | شمارہ نمبر 162

# پی ایس ڈی پی فنڈز کا 90 فیصد استعمال گڈ گورننس کا نتیجہ ہے

میر سرفراز بگٹی

## حکومت کی ترجیح صرف بجٹ سازی نہیں عوام کی عملی خدمت ہے، ترقیاتی منصوبوں کو کاغذی وعدے بننے نہیں دینگے

## تمام پارلیمانی جماعتوں کی مشاورت سے بجٹ کی تیاری کا عمل مکمل کررہے ہیں، پی پی کے وزراء و اراکین سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے ملاقات کی ملاقات میں ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ بھی شریک تھیں ملاقات میں آئندہ مالی سال کے بجٹ، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں، پارلیمانی امور اور بین الجماعتی ہم آہنگی کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے شرکاء کو حکومت کی جانب سے ترقیاتی اہداف، گورننس، صحت، امن و امان اور سروس ڈیلیوری سے متعلق اٹھائے گئے اقدامات پر بریفنگ دی پاکستان پیپلز پارٹی کے وزراء اور اراکین اسمبلی نے حکومت بلوچستان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے پیپلز ڈین

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے میر صادق عمرانی کی قیادت میں پیپلز پارٹی کے اراکین صوبائی اسمبلی ملاقات کررہے ہیں

سروس کے آغاز پر خوشی کا اظہار کیا اور اسے ایک انقلابی اقدام قرار دیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موجودہ حکومت کی ترجیح صرف بجٹ سازی نہیں بلکہ عوام کی عملی خدمت ہے۔ ہم ترقیاتی منصوبوں کو صرف کاغذی وعدے نہیں بننے دیں گے، بلکہ زمین پر کام ہوتا ہوا نظر آئے گا انہوں نے کہا کہ ہم عوامی اعتماد کی بحالی اور سروس ڈیلیوری کی بہتری کو اپنی اولین ترجیح بنائے ہوئے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ پی ایس ڈی پی فنڈز کا 90 فیصد سے زائد استعمال ممکن بنایا گیا ہے جو گڈ گورننس اور بروقت فیصلوں کا نتیجہ ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہماری حکومت تمام پارلیمانی جماعتوں کی مشاورت سے بجٹ کی تیاری کا عمل مکمل کررہی ہے تاکہ تمام طبقات کی نمائندگی اور شراکت کو یقینی بنایا جاسکے انہوں نے اس موقع پر صدر آصف علی زرداری کی سیاسی بصیرت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قائدانہ صلاحیتوں نے ملک کو سیاسی استحکام کی راہ پر گامزن کیا جبکہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی نوجوان اور وژنری قیادت پاکستان کا روشن چہرہ ہے جو ترقی، جمہوریت اور قومی یکجہتی کی علامت بنتی جارہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم سب کو مل کر بلوچستان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھنی ہے اور اس کے لیے سیاسی اتفاق رائے اور بین الجماعتی تعاون ناگزیر ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 16 JUN 2025 Page No. 3

# صوبے کی مجموعی تعمیر و ترقی اور صحت و تعلیم کی بہتری اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

آئندہ مالی سال کے بجٹ میں وہ تمام ضروری اسکیمات شامل کیں ہیں جس سے صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، وزیر صحت بلوچستان

خطے میں امن وامان بحال ہو عوام کی خوشحالی کیلئے ترقیاتی اسکیموں کے ساتھ بے روزگاری کے خاتمے کیلئے بھی بھرپور اقدامات کروں گا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے اتوار کے روز علاقائی سیکرٹریٹ میں عوامی مسائل سننے کے علاوہ مختلف علاقوں میں جا کر فاتحہ خوانی بھی کی اور اس موقع پر وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری اولین ترجیح علاقے کی تعمیر و ترقی، صحت تعلیم اور دیگر شامل ہیں آنیوالے بجٹ میں ان تمام ضروری اسکیمات شامل کیے ہیں جس سے علاقہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا انہوں نے عوام کو یقینی دہانی کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ کا نمائندہ ہوں اور نمائندہ رہ کر آپ کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی بھرپور کوشش کروں گا اور ہم اپنے آپ کو اکیلے نہ سمجھے میں ماضی کے منتخب نمائندوں کی طرح نہیں ہوں کہ کامیاب ہوکر عوام کو بھول جاتا ہوں بلکہ عوام کے درمیان رہ کر اپنا مقررہ وقت پورا کروں گا اور اگر زندگی رہی تو دوبارہ عوام کے پاس جاؤں گا انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت جو وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوامی مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہیں اور ہماری اولین ترجیح بھی ہے کہ اس خطے میں امن وامان بحال ہو عوام کی خوشحالی کیلئے ترقیاتی اسکیموں کے ساتھ بے روزگاری کے خاتمے کیلئے بھی بھرپور اقدامات کروں گا کیونکہ جب تک ہم آنیوالے نسل کو مواقع فراہم نہیں کرینگے اس وقت تک ہم کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکتے ضرورت اس امر کی ہے کہ علاقے کے عوام ہمارے ساتھ رہیں اور جہاں بھی میری کوتاہی ہوں اس کی ضرور نشاندہی کریں اور جہاں میں نے ترقیاتی کام کیا تو حوصلہ افزائی کرنے کیلئے ساتھ دیں۔

# عوام متحد ہوکر ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنائیں، میاں خان بگٹی

پاک افواج امن، خوشحالی، ترقی میں مثبت رول پلے کررہی ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم

مسلم لیگ ن پاکستان کی سلامتی وخود مختاری پر آنچ نہیں آنے دیگی، منیر احمد مسوری بگٹی سے گفتگو

پی (آئی این پی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وانرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ افواج پاکستان ملکی سرحدوں سمیت شہری علاقوں میں امن خوشحالی ترقی وملک دشمن قوتوں کے عزائم خاک میں ملا کر پاکستان کو مضبوط بنانے میں اپنا مثبت رول پلے کررہی ہے محب وطن قبائل افواج پاکستان کی کاوشوں کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ملک وقوم کی حفاظت کیلئے چٹان کی مانند اپنی بہادر نڈر فوج ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کے شانہ بشانہ ہیں امن خوشحالی اور ملک دشمن عناصر کی جانب سے افواج پاکستان سیکورٹی فورسز اور عوام میں دوریاں پیدا کرنے سمیت تمام کوششوں کو ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر یونین کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پی ایس میر عبدالرحمان بگٹی لیبر یونین بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری خان موسیٰ خان مجبک، ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی، صوبائی سینئر نائب صدر میر ظہور احمد بگسی بھی موجود تھے قبل ازیں منیر احمد مسوری بگٹی نے پی کوہلو ہرنائی زیارت ڈیرہ بگٹی سمیت بلوچستان بھر میں ملازمین کو درپیش مسائل کے حوالے سے رکن قومی اسمبلی کو تفصیلاً آگاہ کیا پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وانرجی وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوجائیں تو معاشرہ کی برائیوں کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ علاقائی مسائل حل ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو خاک میں ملانے میں ایک سیکنڈ بھی نہیں لگتا مسلم لیگ ن پاکستان کی سلامتی خود مختاری پر آنچ نہیں آنے دے گی ملک وقوم کی ترقی عوامی مسائل کے خاتمہ کی جدوجہد کیلئے افواج پاکستان کے ہمراہ اول دستے کا رول پلے کرے گی ہم عہد کرتے ہیں کہ ملک دشمن قوتوں کی تمام سازشوں کو خاک میں ملائیں گے ہم افواج پاکستان کے نڈر بہادر چیف آف آرمی جنرل حافظ سید عاصم منیر اور مایا ناز آفیسران جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں

INTEKHAB QUETTA

# آبی پانی پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں، فیصل خان جمالی

ایکسیئن کیرتھر کینال کو گنداخہ میں پانی کی فراہمی کیلئے ہنگامی اقدامات کی ہدایت

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما وصوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی اریگیشن آفس آمد صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے ایکسیئن گل حسن کھوسہ سے ملاقات کی اور ذنب شاخ بالخصوص گنداخہ میں پانی کی فراہمی کے لیے گفتگو کرتے ہوئے کہی صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے ایکسیئن کیرتھر کینال کو گنداخہ میں پانی کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیاد پر پانی فراہمی کی ہدایت دیتے ہوئے کہا پانی زندگی ہے پانی زرعی اور آبی پانی پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں علاقے کے لوگوں کو پینے کے پانی کی فراہمی کے بعد خریف سیزن کے فصلات خصوصاً شالی کی کاشت کرنے کے لئے پانی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے محکمہ آبپاشی وانہار اپنی تمام تر کوششوں کو تیز کرکے ہمارے ضلعے کا پورا پورا حصہ حاصل کرکے سانوں اور زمینداروں کو خریف فصلات کی بوائی کے لئے کسی بھی پریشانی سے سامنا کرنے سے بچائے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر موصوف کو ایکسیئن اریگیشن گل حسن کھوسہ نے یقین دہانی کرائی کہ گنداخہ کو ان کے آبی حصے کا کو یعنی پانی کی فراہمی کے لیے بھرپور کوشش کریں گے۔ اس موقع پر میر محمد جمالی حاکم خان جمالی ایس ڈی او سلمان مینگل اعجاز احمد ہجوانی محمد بچل سومرو صحافی سونا خان جمالی اور صحافی سلیم ابڑو اور دیگر محکمہ اریگیشن کے ماتحت آفیسران بھی موجود تھے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 4

## کوئٹہ میں پیٹرول کا کوئی بحران نہیں، ترجمان بلوچستان حکومت

**بحران کی خبریں محض افواہ، جو بھی پمپ پیٹرول نہیں دیگا اس کیخلاف قانونی کارروائی ہوگی، شاہد رند**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پیٹرول کا کوئی بحران نہیں، ایسی افواہیں ایرانی پیٹرول کے کاروبار سے وابستہ اسمگلرز کی جانب سے پھیلائی جاری ہیں، ایرانی پیٹرول پمپ سنگین سیکورٹی خطرات اور حادثات کا موجب ہیں، ایک ماہ کے دوران 28 جگہوں پر ایرانی پیٹرول پمپ میں حادثات پیش آئے جس سے عوام کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ایرانی پیٹرول اور اسمگلنگ کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے، دراصل پیٹرول بحران کا تاثر پیدا کرکے ایرانی پیٹرول چھوڑنے کا مطالبہ اسمگلرز کی جانب سے کیا جارہا ہے جو کہ قطعی قانونی جواز نہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ قانونی پیٹرول کی دستیابی کے لئے پیٹرول پمپس کو پابند کیا جارہا ہے، پمپس کے اسٹوریج چیک کرکے قانونی پیٹرول کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے، قانونی پیٹرول کی عدم دستیابی سے متعلق شکایات ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں دی جاسکتی ہے، کوئی بھی پیٹرول پمپ پیٹرول دینے سے حیل و حجت کرے گا تو کارروائی ہوگی۔ ترجمان نے کہا کہ عوام مطمئن رہیں قانونی طریقہ کار کے تحت شہریوں کو پیٹرول کی فراہمی جاری رہے گی اور عوام کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پٹرول کا بحران شدید ہوگیا

**صوبے میں پٹرول کی قلت سے زندگی کا پہیہ رکنے کا اندیشہ، 70 فیصد پمپ بند، جو کھلے ہیں وہاں عوام کا رش**

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پٹرول اور ڈیزل کا شدید بحران پیدا ہوگیا اور 70 فیصد سے زائد پٹرول پمپس بند ہوگئے۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں جو پٹرول پمپ کھلے ہیں ان پر عوام کا شدید رش ہے اور آئندہ 24 گھنٹے میں 100 فیصد پٹرول پمپس بند ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا جس کے باعث صوبے میں زندگی کا پہیہ رکنے کا اندیشہ ہے۔ ایرانی پٹرول پر پابندی کے باعث دو ہفتے سے بلوچستان میں تمام نجی پٹرول پمپس بند ہیں تاہم متعلقہ حکام نے اس سلسلے میں کوئی واضح موقف نہیں دیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 5


# ریکوڈک منصوبے میں آئی ایف سی کی کل سرمایہ کاری 700 ملین ڈالر تک پہنچ گئی

**پاکستان میں انفرااسٹرکچر، توانائی اور قدرتی وسائل پر توجہ بڑھا رہے ہیں، توانائی و قدرتی وسائل میں دوگنا سرمایہ کاری کرینگے، سربراہ IFC**

اسلام آباد (این این آئی) ریکوڈک منصوبے کیلئے انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) نے پاکستان کو مزید 400 ملین ڈالر کی مالی معاونت فراہم کی ہے جسکے بعد آئی ایف سی کی کل سرمایہ کاری 700 ملین ڈالر تک پہنچ گئی۔ آئی ایف سی کے سربراہ مختار ڈیوپ کا کہنا ہے کہ پاکستان میں انفرااسٹرکچر، توانائی اور قدرتی وسائل پر توجہ بڑھا رہے ہیں۔ توانائی و قدرتی وسائل میں دوگنا سرمایہ کاری کریگے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی جانب سے پاکستان پر اعتماد کیا جا رہا ہے جس کے سبب ریکوڈک منصوبے میں بھاری سرمایہ کاری جاری ہے۔ ریکوڈک منصوبے کی لاگت 6.6 بلین ڈالر ہے، مالیاتی اتحاد قرض و سرمایہ سے فنڈ فراہم کرے گا۔ ریکوڈک سے 37 سال میں 74 ارب ڈالر تک آمدن کی توقع ہے۔ ریکوڈک منصوبے میں یو ایس ایکزم، ایشیائی ترقیاتی بینک، کینیڈا اور جاپان کے مالیاتی اداروں کی شمولیت متوقع ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا تانبے اور سونے کا منصوبہ، ریکوڈک 2028 میں پیداوار شروع کرے گا جس سے بلوچستان کی ترقی اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہونگے۔ ریکوڈک منصوبے سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا اور پاکستان کو عالمی معدنیاتی نقشے پر لانے میں اہم کردار ادا کریگا۔

# وفاقی محتسب ریجنل آفس قلات کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد

**شہریوں نے کیسکو، گیس کمپنی، نادرا، پاسپورٹ آفس و دیگر محکموں کیخلاف درخواستوں کے انبار لگا دیے**

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس قلات ڈویژن خضدار کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے لیے ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں وفاقی محتسب ریجنل آفس قلات ڈویژن کاشف بلوچ نے عوامی شکایات سنیں اور انکے حل کے لئے موقع پر احکامات جاری کیے کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمیل بلوچ ضلعی افسران قبائلی و سیاسی رہنماؤں ملازمین اور طلباء نے شرکت کی کھلی کچہری میں شہریوں نے سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کی انبار لگا دیے جن میں کیسکو سوئی سدرن گیس کمپنی نادرا پاسپورٹ آفس نیشنل ہائی وے ہیلتھ تعلیم سی اینڈ ڈبلیو پی ای اور دیگر ادارے شامل ہیں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب ریجنل آفس قلات ڈویژن کاشف بلوچ نے کہا کہ شہری اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھیں اور اپنی این آئی سی کی ایک کاپی میرے نمبر پر بھیج دیں اس کے درخواست پر فوری طور پر ایکشن لیا جائے گا اور ساٹھ دن کے اندر اندر اس درخواست پر فیصلہ بھی سنایا جائے گا۔

# بلوچستان کا 1000 ارب روپے سے زائد کا سرپلس بجٹ کل پیش ہوگا

**ترقیاتی اخراجات 240 ارب، ملازمین کیلئے وفاقی طرز پر اضافے کی توقع ہے، ذرائع**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مالی سال 2025-26 کا بجٹ 17 جون کو پیش کیا جارہا ہے بجٹ کا مجموعی حجم 1000 ارب روپے سے زائد ہونے کا امکان ہے رواں مالی سال کے بجٹ کی طرح آئندہ مالی سال کا بجٹ بھی سرپلس ہوگا بلوچستان کو آئندہ مالی سال کے بجٹ کے لیے وفاقی محاصل سے 7 سو 43 ارب روپے ملیں گے یہ رقم نیشنل فنانشل کمیشن ایوارڈ (این ایف سی) کے تحت دو مدات سے ملے گی ان مدات میں قابل تقسیم محاصل اور گیس سمیت دیگر قدرتی وسائل سے براہ راست منتقلیاں شامل ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے مقابلے میں آئندہ مالی سال کے لیے وفاقی محاصل سے بلوچستان کو 70 ارب روپے زیادہ ملنے کی توقع ہے بلوچستان کے صوبائی ٹیکسوں اور نان ٹیکسوں سے آمدن کا تخمینہ 150 ارب سے زیادہ ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں غیر ترقیاتی اخراجات کا تخمینہ 7 سو ارب روپے سے زائد ہوسکتا ہے جبکہ بلوچستان کے اپنے وسائل سے ترقیاتی اخراجات کے لیے 240 ارب روپے سے زائد مختص کیے جانے کا امکان ہے تعلیم، امن وامان، صحت اور انفرااسٹرکچر، زراعت اور دیگر شعبوں کے لیے زیادہ رقم مختص کی جائے گی۔ بجٹ میں تعلیم کے شعبے کے لیے 160 ارب روپے سے زائد مختص کیے جانے کا امکان ہے۔ امن وامان کے لیے مجموعی طور پر 100 ارب روپے سے زائد کی رقم رکھے جانے کی توقع ہے صحت کے شعبے کے لیے 80 ارب روپے مختص کیے جانے کا امکان ہے بلوچستان میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں وفاقی حکومت کے اعلان کے مطابق اضافے کی توقع ہے۔ یاد رہے کہ بلوچستان کے ملازمین گزشتہ کئی عرصے سے اپنی تنخواہوں میں اضافے اور دیگر مراعات کے لئے احتجاجی تحریک شروع کررکھی ہے بجٹ میں ہی ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافے، ٹیکسز اور دیگر مراعات کے حوالے سے پوزیشن واضح ہوگی۔


INTEKHAB QUETTA


# اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ کا بازار کا دورہ

گنداواہ، جھل مگسی (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ عبدالمجید محمد حسنی نے تجارتی مرکز گنداواہ بازار کا سرپرائز دورہ کیا۔ انہوں نے بازار کے مختلف حصوں، گوشت مارکیٹ، سبزی، فروٹ، سیلون، ہوٹل سمیت شہر کی مختلف دکانوں کا جائزہ لیا اشیاء خوردونوش کی کوالٹی وقیمتیں چیک کیں اور دکانداروں کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پرائس کنٹرول لسٹ کی پابندی کو یقینی بنائیں گرانفروشی و ناجائز تجاوزات کی کسی کو بھی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی۔ زائد المیعاد اشیا و غیر معیاری اشیاء اپنی دکانوں میں نہ رکھیں۔ دکان کے باہر اور سڑکوں پر سامان و دیگر اشیاء رکھنے کیساتھ ناجائز تجاوزات سے گریز کریں۔ بصورت دیگر آئندہ سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکار کی جانب سے مرتب کردہ نرخ نامہ اور صفائی وستھرائی کو بھی یقینی بنائیں۔ مزید انہوں امن وامان کی بحالی کو یقینی بنانے کیلئے بازار اریا میں مشکوک افراد کی چیکنگ بھی کیں۔

# ڈی سی قلات کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق اہم اجلاس

قلات (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی لیویز برانچ انچارج اکبر ملک APS علی محمد زہری ایس ایچ او لیویز تھانہ قلات منیر احمد مینگل JRC انچارج نعمت اللہ میروانی انچارج لیویز چوکی مبلی نائب رسالدار عبدالرزاق دفعدار عبدالستار نے شرکت کی اجلاس میں امن وامان کی صورتحال نیشنل ہائی وے پر قائم لیویز چوکیوں پر اہلکاروں کی تعداد سکیورٹی انتظامات ہائی وے پر پیٹرولنگ سمیت دیگر اہم امور سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر نے کہا لیویز افسران اپنے اہلکاروں سمیت اپنے جائے تعیناتیوں پر حاضر رہیں اور لگن سے اپنے فرائض بخوبی انجام دیں۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 16 JUN 2025 Page No. 6

# ایران سے متصل پنجگور، گوادر، کیچ سرحدیں بند، پاکستان ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کا حصہ نہیں، دفتر خارجہ

پاکستان اہم اور ذمہ دار ایٹمی طاقت کی حامل ریاست ہے، اسرائیل پر پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے حملے کی خبریں بے بنیاد، اسرائیلی میڈیا غلط بیانی اور جھوٹ پر مبنی رپورٹس پیش کر رہا ہے

ایران واسرائیل میں جاری جنگ کے باعث بلوچستان کی سرحدوں پر کراسنگ پوائنٹس تاحکم ثانی بند رہیں گے، عوام انتظامیہ کے ساتھ تعاون و نقل وحرکت سے گریز کریں، ضلعی انتظامیہ کی ہدایت

پاک ایران سرحدی پوائنٹس پر آمد ورفت ایران میں موجودہ کشیدہ صورتحال کے پیش نظر بند کی گئی، تفتان بارڈر پر صورتحال معمول کے مطابق تجارت اور مسافروں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے، ڈی سی

گوادر سے متصل تمام سرحدوں پر سفری راہداری پر پابندی، گبد کلاتو 250 بارڈر تاحکم ثانی بند کردیا، عوام دشواری سے بچنے، معلومات اور رہنمائی کیلئے مقامی انتظامیہ سے رابطہ کریں، انتظامیہ

کوئٹہ، اسلام آباد (سٹی رپورٹر، زاہد احمد خان) دفتر خارجہ نے اسرائیل پر پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے حملے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیدیا، ذرائع دفتر خارجہ نے کہا اسرائیل پر پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے حملے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، اسرائیلی میڈیا غلط بیانی اور جھوٹ پر مبنی رپورٹس پیش کررہا ہے، پاکستان اہم اور ذمہ دار ایٹمی طاقت کی حامل ریاست ہے، اسرائیلی میڈیا جعلی نیوز پھیلا رہا ہے اور پروپیگنڈا کررہا ہے۔ دوسری جانب، پاکستان نے ایران سے متصل بلوچستان کے سرحدی اضلاع پنجگور، گوادر اور کیچ کے کراسنگ پوائنٹس کو غیر معینہ مدت کیلئے بند کردیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ پنجگور کے مطابق ایران سے متصل ضلع کے دونوں کراسنگ پوائنٹس چیدگی اور جیرک پروم میں آمد ورفت کے راستے تاحکم ثانی بند رہیں گے۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ دونوں بارڈر پوائنٹس سے فیول کی آمد و رفت پر بھی مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ پابندی صورتحال کے معمول پر آنے تک نافذ العمل رہے گی لہٰذا عوام غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں۔ گوادر کی ضلعی انتظامیہ نے ایران کے ساتھ گبد-کلاتو 250 بارڈر پر راہداری کو تاحکم ثانی بند کردیا۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ یہ فیصلہ حکومت بلوچستان کی ہدایات ......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کی روشنی میں کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے اس سلسلے میں عوام سے تعاون کی اپیل کی اور کہا ہے کہ کسی بھی قسم کی معلومات یا رہنمائی کیلئے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کیا جائے۔ ردیگ مند بارڈر پر راہداری بھی بند کردی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ کے مطابق ایران سے متصل ردیگ مند بارڈر پر راہداری تاحکم ثانی بند رہے گی اور بارڈر پر آمد ورفت ایران میں موجودہ کشیدہ صورتحال کے پیش نظر بند کی گئی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عوام انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور غیر ضروری نقل وحرکت سے گریز کریں۔ اس کے علاوہ دونوں ملکوں کے درمیان فضائی راستے بھی بند ہے اور اسرائیلی حملوں کے پیش نظر وزارت داخلہ کا شہریوں کو ایران کا سفر نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ تفتان بارڈر پر صورتحال معمول کے مطابق تجارت اور مسافروں کی آمد کا سلسلہ جاری۔ خطے کی بگڑتی صورت حال کی وجہ سے حکومت بلوچستان نے ضلع گوادر سے متصل تمام ایرانی بارڈر بند کراوتے سفری راہداری پر پابندی لگادی ڈپٹی کمشنر گوادر کے آفس سے جاری ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ حکومت بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ گوادر نے گبد-کلاتو 250 بارڈر پر راہداری کو تاحکم ثانی بند کردیا ہے۔ عوام الناس سے گزارش ہے کہ تعاون فرمائیں اور کسی بھی قسم کی معلومات یا رہنمائی کے لیے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 7


## اعلیٰ التعلیم کا فروغ بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے، ڈائریکٹر کالجز

**اساتذہ کی کمی تعلیم کے معیار پر اثر انداز ہو سکتی ہے، پروفیسر محمد حسین بلوچ، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ کا دورہ**

قلعہ سیف اللہ (نامہ نگار) ڈائریکٹر کالجز ہائیر ایجوکیشن بلوچستان پروفیسر محمد حسین بلوچ نے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر پروفیسر امیر جان مندوخیل کے ہمراہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کی لیبارٹریز، لائبریری، کلاس رومز اور دیگر تدریسی سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے تدریسی و غیر تدریسی عملے سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور ادارے کو درپیش تعلیمی و انتظامی چیلنجز پر گفتگو کی۔ اساتذہ سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر محمد حسین بلوچ نے کہا کہ سیکرٹری کالجز، ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں قائم کالجز کے زمینی حقائق اور مسائل کے جائزے کیلئے یہ دورے کیے جا رہے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کا فروغ بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے اور اس مقصد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ طلبہ ہمارا مستقبل ہیں، جنہوں نے کل اس ملک کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔ یہی نوجوان مستقبل میں ڈاکٹرز، انجینئرز، سائنسدان، آئی ٹی ماہرین، سیاستدان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ملک و قوم کی خدمت کریں گے۔ ان مستقبل کے معماروں کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری ہم اساتذہ کے کاندھوں پر ہے۔ ڈائریکٹر کالجز نے اس موقع پر کالج کو درپیش تدریسی عملے کی کمی پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ریاضی، زوالوجی، آئی ٹی، اکنامکس، سوشیالوجی، مطالعہ پاکستان اور فزیکل ایجوکیشن جیسے اہم مضامین میں اساتذہ کی کمی تعلیم کے معیار پر اثر انداز ہو سکتی ہے، جسے فوری طور پر پورا کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

## پرنٹ میڈیا کے بقاء کی جنگ جاری رہے گی، ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا علامتی احتجاجی کیمپ اتوار کو بھی جاری رہا کیمپ میں اخبارات، جرائد کے مدیران اور اخبار مارکیٹ کے نمائندگان موجود تھے شرکاء کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے حقیقی پرنٹ میڈیا کی بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں اشتہارات کو BPPRA پر منتقل کرنے سے پرنٹ میڈیا کی صنعت ختم ہو جائے گی بی پی پی آر اے میں شفافیت کے دعوے حقائق کے برعکس ہیں کیونکہ ادارے میں مبینہ اقربا پروری اور کرپشن کے حوالے سے زیر گردش خبریں ہمارے موقف کی تائید ہے۔

## ردیگ مند بارڈر پر آمد و رفت معطل، عوام کو محتاط رہنے کی ہدایت

تربت (نمائندہ جنگ) ڈپٹی کمشنر کیچ کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ایران میں جاری کشیدہ صورت حال کے پیش نظر ضلع کیچ کے ردیگ مند بارڈر پر راہداری کے تحت آمد و رفت تا حکم ثانی بند کر دی گئی ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ موجودہ حالات کے تناظر میں یہ فیصلہ عوامی سلامتی اور سیکیورٹی کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ عوام الناس سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ انتظامیہ سے مکمل تعاون کریں اور کسی بھی قسم کی غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچا جا سکے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ حالات کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے اور جیسے ہی صورت حال بہتر ہوگی، عوام کو بروقت مطلع کیا جائے گا۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور مصدقہ معلومات کے لیے ضلعی انتظامیہ سے رجوع کریں۔


MASHRIQ QUETTA


## نوتعینات شدہ سوشل موبلائزرز صوبے میں مثبت سماجی تبدیلی لائینگے، عبداللہ خان

**محکمہ بہبود آبادی نے کابینہ کی منظوری سے طے شدہ "سوشل موبلائزرز کنٹریکچول پالیسی" کے تحت سوشل موبلائزرز کی بھرتی کا عمل مکمل کر لیا**

**ان کا بنیادی مقصد کمیونٹیز کی آگاہی، خاندانی منصوبہ بندی اور قومی یکجہتی جیسے اہم موضوعات پر لوگوں کو متحرک کرنا ہے، سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی**

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے وژن اور رہنمائی میں محکمہ بہبود آبادی بلوچستان نے صوبائی کابینہ کی منظوری سے طے شدہ "سوشل موبلائزرز کنٹریکچول پالیسی" کے تحت سوشل موبلائزرز کی بھرتی کا آغاز کیا۔ اس سلسلے میں بھرتی کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جس کے تحت 400 سے زائد نوجوان (لڑکے اور لڑکیاں) اس مہم کا حصہ بن جائیں گے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی بلوچستان عبداللہ خان نے کہا کہ سوشل موبلائزرز کی یہ ٹیمز بلوچستان میں مثبت سماجی تبدیلی کے فروغ کے لیے متحرک کردار ادا کریں گی۔ ان کا بنیادی مقصد مقامی کمیونٹی میں آگاہی پھیلانا، صحت عامہ کے بہتر رویوں کو فروغ دینا، خاندانی منصوبہ بندی، آبادی کے انتظام، اور قومی یکجہتی جیسے اہم موضوعات پر لوگوں کو متحرک کرنا ہے۔ خاص طور پر نوجوانوں کو صوبے کی ترقی میں شامل کر کے انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا اس پروگرام کا اہم جزو ہے۔ نوتعینات شدہ سوشل موبلائزرز کی پیشہ ورانہ تربیت 24 جون 2025 سے شروع کی جائے گی، جس میں انہیں ان کی ذمہ داریوں کے حوالے سے مکمل رہنمائی فراہم کی جائے گی۔


INTEKHAB QUETTA


## پاک ایران تفتان بارڈر پر صورتحال معمول پر ہے، ضلعی انتظامیہ

**ضلعی انتظامیہ کے مطابق پاک ایران سرحدی علاقے تفتان میں اس وقت زائرین موجود نہیں ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ایران سے ملحقہ تفتان بارڈر پر صورت حال معمول کے مطابق ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق کوئٹہ سے ضلعی انتظامیہ کے مطابق تفتان بارڈر پر پاک ایران دو طرفہ سرحدی تجارت معمول کے مطابق چل رہی ہے۔ ایران سے تفتان بارڈر پر پاکستان بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

کی جانب لوگوں کی آمد کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پاک ایران سرحدی علاقے تفتان میں اس وقت زائرین موجود نہیں ہیں۔

## بچوں کو مہلک بیماریوں سے بچانا ہے، اے ڈی سی پشین

### 12 روزہ کیچ اپ مہم میں بڑی تعداد میں ویکسی نیشن کی جائیگی

[illegible]

## حفاظتی ٹیکوں سے متعلق آگاہی ضروری ہے، ڈی سی لورالائی

### عوام محکمہ صحت کی مہم کے ساتھ تعاون کریں، ورکشاپ سے خطاب

[illegible]

## ضلع خضدار میں حفاظتی ٹیکہ جات کی 12 روزہ خصوصی مہم

### آج سے شروع ہونے والی خصوصی مہم میں 33 یونین کونسلز شامل ہیں

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 8

# مون سون بارشوں سے قبل پیشگی تیاریوں کو مکمل کیا جائے، ڈی سی کوئٹہ

## شہر کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کی جائے گی، ٹراما سینٹرز کو فعال رکھا جائے گا اور ادویات کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، مہر اللہ بادینی کا اجلاس سے خطاب

## اریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے شہر کے 14 بڑے نالوں سے تجاوزات کے خاتمے اور صفائی کا کام کو مکمل کرانجام دینے کا عندیہ دیا ہے تاکہ مون سون برساتی پانی کے بہاؤ کو بحال رکھا جاسکے

کوئٹہ ( آئی این پی ) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت مون سون کی متوقع بارشوں کے پیش نظر پیشگی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پی ڈی ایم اے، سیکیشن ڈویژن، واسا، پی ایچ ای، میٹروپولیٹن کارپوریشن، ہیلتھ، اریگیشن، سوشل ویلفیئر پولیس، ٹریفک پولیس سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران، اسسٹنٹ کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) ریونیو (اور ڈی ایچ او کوئٹہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی ڈی ایم اے کی جانب سے مون سون سیزن میں آپریشنل حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے مون سون کے دوران ڈوزرز، ایکسکیویٹرز، شہزور گاڑیاں، ایمبولینسز اور ریسکیوٹرز فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ شہر کے تمام اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کی جائے گی، ٹراما سینٹرز کو فعال رکھا جائے گا اور ادویات کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ سوشل ویلفیئر اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں خوردنی امداد کی فراہمی کے انتظامات کیے جائیں گے۔ اریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے شہر کے 14 بڑے نالوں سے تجاوزات کے خاتمے اور صفائی کا کام ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر انجام دینے کا عندیہ دیا تاکہ برساتی پانی کے بہاؤ کو بحال رکھا (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

جاسکے۔ تمام چار سب ڈویژنز میں متعلقہ ادارے فوکل پرسنز نامزد کریں گے، جو ضلعی انتظامیہ سے رابطے میں رہتے ہوئے ہنگامی صورتحال میں اقدامات کریں گے۔ میونسپل کارپوریشن، این ایچ اے، ایگری کلچر، اور دیگر اداروں کی جانب سے میاں غنڈی، پشتون آباد، لک پاس، ہنہ اوڑک سمیت حساس علاقوں میں مشینری بلڈوزر، ڈوزر، ایمبولینس وغیرہ فراہم کی جائے گی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام اداروں کو ہدایت کی کہ وہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے مشترکہ حکمت عملی کے تحت فوری اقدامات کو یقینی بنائیں مون سون کی متوقع بارشوں سے قبل تمام پیشگی تیاریوں اور پلان کو حتمی شکل دے کر مکمل کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 10


## نیشنل پارٹی نظریاتی سیاست کی علامت ہے، ڈاکٹر عبدالمالک

### تحصیل گوادر کی نئی کابینہ کا انتخاب عوامی جدوجہد کے عزم کی تجدید ہے، خطاب

گوادر(پ ر) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی ایک سیاسی نظریہ، جمہوری روایت اور عوامی خدمت کا نام ہے، ہم اپنی صفوں کو منظم رکھ کر ہی عوام کے حقوق کی جدوجہد کو مضبوط بنا سکتے ہیں تحصیل گوادر کی نئی کابینہ کا انتخاب اس عزم کی تجدید ہے کہ پارٹی ہر سطح پر عوام کی آواز بن کر سامنے آئے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی تحصیل گوادر کے تنظیمی انتخابات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا نتائج کے مطابق ولید مجید صدر، عبدالقادر نائب صدر، عبدالغفور ابراہیم جنرل سیکرٹری، اسماعیل فتح ڈپٹی جنرل سیکرٹری، ہیبتان دشتی رابطہ سیکرٹری، شفقت بلوچ نشرواشاعت سیکرٹری اور عطا حیدر خازن منتخب ہوئے جسٹس (ر) شکیل بلوچ، میر اشرف حسین، صوبائی ماہی گیروں سیکرٹری آدم قادر بخش، ضلعی صدر ہوت غفور، محمد حیاتان، فیض نگوری نے نو منتخب کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ ٹیم تحصیل گوادر میں پارٹی کو مزید منظم، فعال اور عوامی مسائل کے قریب تر لائے گی تنظیمی عمل میں شفافیت اور جمہوری انداز پارٹی کا امتیاز ہے جسے ہر سطح پر برقرار رکھا جائے گا۔

## نیشنل پارٹی اور لشکری رئیسانی کا مائنز بل کیخلاف احتجاج کا فیصلہ

### عدالت سے رجوع کیا جائے گا، ڈاکٹر اسحاق بلوچ اسلم بلوچ سے ملاقات میں اتفاق

کوئٹہ(پ ر) نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی سے نیشنل پارٹی کے وفد نے ملاقات کی جس میں پارٹی کے نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، صوبائی صدر اسلم بلوچ، جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ، میران بلوچ، جلیل ایڈووکیٹ اور کریم بلوچ شامل تھے ملاقات میں بلوچستان کی موجودہ صورتحال بالخصوص بلوچستان اسمبلی کی جانب سے پاس کردہ مائنز اینڈ منرلز بل زیر بحث لاتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا گیا کہ ہمارے اکابرین نے جیل و زندان کی صعوبتیں سہہ کر بلوچستان کے وسائل کا تحفظ کیا جنہیں آج جعلی اسمبلیوں کے ذریعے بلوچستان کے ان بیش بہا وسائل کو وفاق کے تصرف میں دی جارہی ہے جو بلوچستان کے مجموعی عوام کے لیے قابل قبول نہیں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ یہ بل متنازعہ آئین سے متصادم اور صوبائی خودمختاری پر براہ راست حملہ ہے اس لیے بل کے خلاف عدالت سے رجوع اور احتجاج کرینگے اس موقع پر نوابزادہ رئیس رئیسانی اور لالا یوسف ہنگوئی بھی موجود تھے۔

## کوئٹہ میں پٹرول کی قلت پر انتظامیہ خاموش ہے، جمعیت نظریاتی

### ایرانی تیل پر پابندی ختم کرکے ہزاروں لوگوں کو روزگار کا تحفظ دیا جائے، قاری مہراللہ

کوئٹہ(پ ر) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا خدائے نذر حاجی عبیداللہ حقانی آغا ابراہیم شاہ مولانا عبدالرحمن مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی محمد نور اخوندزادہ مولانا عبدالصمد مولانا صالح محمد مولانا شمس اللہ حاجی ممتاز اور حافظ محی الدین نے کہا ہے کہ حکومتی پابندی سے ایرانی پیٹرول اور ڈیزل پیٹرول پمپوں پر فروخت ہورہا ہے ایرانی پٹرولیم مصنوعات پر پابندی ختم کرکے ہزاروں خاندانوں کو روزگار کا تحفظ دیا جائے آج پٹرول ناپید ہونے سے ٹرانسپورٹرز مسافروں سمیت ہر شہری پریشان ہے رہنماؤں نے کہا کہ پٹرول کی قلت کے باعث پٹرول پمپ مالکان کی من مانیاں جاری ہیں اکثر پمپ بند پڑے ہوئے ہیں اکثر مقامات پر من مانے ریٹ پر پٹرول فروخت کیا جارہا ہے جبکہ اس سنگین صورتحال پر انتظامیہ خاموش ہے۔

## موجودہ حالات سے نجات کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کی جائے، پشتونخوا نیپ

### ملی شہید کی چوتھی برسی پر 21 جون کو جلسہ ہوگا، نصراللہ زیرے و دیگر رہنماؤں کا تقاریب سے خطاب

کوئٹہ+پشین+قلعہ سیف اللہ+ژوب (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کے بیانیے اور تاریخ ساز جدوجہد و قربانیوں کی روشنی میں پشتونخوا نیپ پشتون افغان ملت کی ملی نجات کی جدوجہد کو مزید وسیع، منظم اور تیز کرکے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی، پشتون افغان ملت کو آج کے حالات میں جس اذیت ناک صورتحال کا سامنا ہے اس سے نجات قومی اتحاد و اتفاق اور ملی شہید ولی اکابرین کے افکار کو اپنا کر متحدہ جدوجہد سے ممکن ہے، ملی شہید کی چوتھی برسی 21 جون کے موقع پر ایوب سٹیڈیم میں تاریخی جلسہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی صدر نصراللہ زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ندا خان سنگر، حمداللہ بڑیچ، عبیداللہ توخی، ضلعی معاونین عبدالعلی اچکزئی، گل شاہین وردگ، نور آغا درانی، ڈاکٹر حیات، حاجی امان اللہ نے سریاب تخنائی بائی پاس، لوہڑ کاریز کے زیر اہتمام ملی شہید عثمان خان کاکڑ چوک پر جلسے سے صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز احسان آغا، فدا آغا، خلیل آغا، شمس آغا، عبداللہ شاہ، نصرت آغا، نعمت آغا اور جلیل باجانے حرمزئی، حاجیزئی، کلی پہاڑ خان، شنغرئی، قلندرزئی، گانگوئی میں اجتماعات اور کلی گوریان میں 30 افراد کی شمولیت کی تقریب سے و صوبائی ڈپٹی سیکرٹری مالیات سید اکبر کاکڑ، حاجی اللہ یار جوگیزئی، سردار منان خان نے کلی کاریز شاہ میں 28 افراد کی شمولیت کی تقریب و صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سلام خان ناصر، وزیر خان ناصر، میجر عطا محمد، دلاور خان اور حاجی بابو نے کلی سکاروٹی میں 38 افراد کی پارٹی میں شمولیت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا نیپ کو ہمارے عوام کی بھرپور تائید اور حمایت درحقیقت پارٹی قیادت اور اس کے بیانیے پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے اور پشتون ملت کی ان سنگین حالات میں متحد ہو کر قربانیوں سے لبریز سیاسی جمہوری مزاحمت کی جدوجہد کرنا لازمی اور ضروری ہے۔ مقررین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی یاد میں منانے والے ہفتے کے دوران پروگراموں میں شرکت کریں اور 21 جون کے جلسے کی تیاریوں کیلئے عوامی رابطہ مہم تیز کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 11


ن لیگ بلوچستان

# بجٹ میں شفافیت، احتساب اور نتائج کو اہمیت دلائیں گے

## عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے، جعفر خان مندوخیل، تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشاورت میں شامل کیا جائیگا، عبدالخالق اچکزئی

## لوگوں کی نظریں بجٹ پر ہیں ہمیں صرف منصوبے نہیں ان پر عملدرآمد کو بھی یقینی بنانا ہوگا، سردار عبدالرحمٰن کھیتران و دیگر کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کھیتران ہاؤس کوئٹہ میں آج مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا، جس میں آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی رہائش گاہ پر آمد کی اور اجلاس میں شرکت کی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر شعیب نوشیروانی، برکت رند، نواب زادہ زرین مگسی، حاجی ولی نورزئی، حاجی نور اتمانخیل، حاجی نور محمد دمڑ، محمد خان لہڑی، محترمہ حادیہ نواز اور زرک خان مندوخیل سمیت دیگر

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

اہم سیاسی و پارلیمانی شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ بجٹ میں تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کو ترجیح دینے پر اتفاق کیا گیا، جب کہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکج پر غور کیا گیا۔ روزگار کے مواقع بڑھانے، نوجوانوں کے لیے منصوبے شامل کرنے اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو بجٹ کا حصہ بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ "عوام دوست بجٹ کی تشکیل ہماری اولین ترجیح ہے"۔ اسپیکر اسمبلی کا کہنا تھا کہ "تمام اسٹیک ہولڈرز کو بجٹ مشاورت میں شامل کیا جائے گا تاکہ ایک متوازن اور جامع بجٹ ترتیب دیا جا سکے"۔ صوبائی وزراء نے اپنے متعلقہ محکموں کی مالی ضروریات پر تفصیلی بریفنگ دی اور ترقیاتی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا آئندہ مالی سال کا بجٹ ترقی، استحکام اور شفافیت کا مظہر ہوگا۔ عوام کی نظریں بجٹ پر ہیں، ہمیں صرف منصوبے نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ "مہنگائی اور بیروزگاری کے خلاف بجٹ میں واضح حکمت عملی اپنائی جائے گی اور شفافیت، احتساب اور نتائج کو اولین اہمیت دی جائے گی اجلاس کے دوران اتحادی جماعتوں کو بجٹ مشاورت میں شامل کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا، تاکہ تمام سیاسی قوتوں کی مشاورت سے ایک عوامی مفاد پر مبنی بجٹ پیش کیا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 16 JUN 2025 Page No. 12

## سوئی، فائرنگ سے شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

**نماز جنازہ میں اعلیٰ پولیس حکام سمیت شہریوں کی بڑی تعداد شریک، شہدا کو گارڈ آف آنر پیش**

کوئٹہ (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب سوئی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس کانسٹیبل رحم علی کی نماز جنازہ سوئی جبکہ کانسٹیبل نصر الدین کی نماز جنازہ صحبت پور میں ادا کردی گئی نماز جنازہ میں اعلیٰ پولیس ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

حکام سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی بعد ازاں شہداء کو گارڈ آف آنر پیش کرنے کے بعد مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ تدفین کردی گئی۔

## نصیر آباد کے دو نوجوانوں کو ڈاکو اغوا کرکے لے گئے

**خدا بخش جھنگر، عمران، سجاد رند، جوہر اور گاڑی کو شکار پور میں چھوڑ دیا**

**آصف بہرانی اور عرفان لاشاری کی ڈاکوؤں سے بازیابی کی کوششیں**

نصیر آباد (نامہ نگار) شکار پور گڑھی یاسین سندھ کے علاقے سے نصیر آباد بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سات نوجوانوں کو ڈاکوؤں نے اغوا کرلیا اغواء ہونے والوں میں آصف بہرانی عرفان لاشاری، خدا بخش جھنگر، عمران باگزانی، سجاد رند، جوہر شامل ہیں ڈاکوؤں نے واردات کے بعد پانچ نوجوانوں کو کچھ دیر بعد چھوڑ دیا باقی آصف بہرانی اور عرفان لاشاری کو اغوا کرکے لے گئے ڈاکوؤں نے نوجوانوں کی جی ایل آئی گاڑی شکار پور لکھیدر تھانہ کی حدو......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

د میں چھوڑ دی واقع کی اطلاع ملتے ہی بڑی تعداد میں بہرانی قبائل اور لاشاری قبائل کے افراد شکار پور پہنچ قومی شاہراہ پر دھرنا دے دیا جس کے باعث سندھ بلوچستان اور پنجاب جانے والی ٹریفک رات گئے تک بند ہے مغویوں کی بازیابی کے لیے بلوچستان کے معتبرین نے کوشش جاری کردی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## مستونگ میں روزانہ کی بنیاد پر چوریاں، پولیس مکمل ناکام، شہری غیر محفوظ

**چوروں کا راج، پولیس خاموش تماشائی مستونگ کے عوام انتظامیہ کی بے حسی پر سراپا احتجاج**

مستونگ (یو این اے) مستونگ شہر اور گرد و نواح میں چوروں کا راج قائم ہو چکا ہے، پولیس اور ضلعی انتظامیہ جرائم کی بڑھتی لہر کے آگے مکمل طور پر بے بس نظر آ رہی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں دن دہاڑے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکلیں چھینی جا رہی ہیں، جبکہ پولیس صرف کاغذی کارروائیوں تک محدود ہے۔ اطلاعات کے مطابق اسٹیڈیم روڈ، علی زئی روڈ، عزیز آباد اور دیگر وارڈز میں روزانہ 5 سے 6 موٹر سائیکلیں چوری یا چھینی جا رہی ہیں۔ جرائم پیشہ افراد دیدہ دلیری سے وارداتیں کر رہے ہیں، مگر تا حال کسی ایک واردات کا بھی سراغ نہیں لگایا جا سکا۔ پولیس کی گشت نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ عوام چوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیے گئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس اور انتظامیہ نے مکمل مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے، نہ کوئی عملی اقدام ہو رہا ہے اور نہ ہی عوام کو تحفظ دینے کا کوئی دعویٰ باقی رہا ہے۔ شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر مستونگ میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے خلاف بھرپور آپریشن شروع کیا جائے، پولیس گشت کو مؤثر بنایا جائے اور ناقص کارکردگی کے حامل اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ بصورت دیگر یہ بدامنی پورے ضلع میں پھیل سکتی ہے اور عوام کا ریاستی اداروں پر سے اعتماد مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔

## اوستہ محمد، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو افراد شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد میں ڈاکو راج برقرار موٹر سائیکل چھیننے کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو افراد شدید زخمی ہو گئے ملزمان فرار لواحقین کا شدید احتجاج روڈ بلاک کردی پولیس کے خلاف نعرے بازے پولیس بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

کے مطابق پولیس تھانہ کینال فارم کی حدود کیر تھر گوٹھ ناوڑا کے مقام پر مسلح ڈکو موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مذاحمت کرنے پر دو افراد غلام نبی برڑو اور عرس برڑو کو فائرنگ کرکے زخمی کرکے فرار ہو گئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی پولیس نے زخمیوں کو سول اسپتال اوستہ محمد منتقل کردیا جہاں طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے ان کو لاڑکانہ ریفر کردیا گیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5 Dated: 16 JUN 2025 Page No. 13


# شدید گرمی میں بجلی بحران جاری

## صارفین ذہنی کوفت کا شکار

شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے شہر کے مختلف علاقوں میں ٹیوب ویلوں سے پانی کی ترسیل بھی بند رہتی ہے جس کی وجہ سے عوام قلت آب سے دوچار ہیں

**شدید گرمی میں بجلی کا نہ ختم ہونے والا بحران شدت اختیار کرتا جارہا ہے شہر کے تمام گنجان آباد علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ 10 سے 12 گھنٹے کی جارہی ہے جس سے شہریوں کاروباری حضرات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے**

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں شدید گرمی کے باوجود بجلی کا نہ ختم ہونا والا بحران جاری ہے جو چند گھنٹے بجلی کے بحران اور تجارتی مراکز میں کام نہ ہونے کی وجہ سے سب سے زیادہ پریشان روزانہ اجرت پر کام کرنے والے مزدور محنت کش ہیں جو نان شبینہ کیلئے پریشان ہیں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے مختلف واٹر سپلائی سے پانی کی فراہمی معطل ہوجاتی ہے جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے شہر کے مختلف علاقوں کیلئے ٹیوب ویلوں سے پانی کی ترسیل بھی بند رہتی ہے جس کی وجہ سے عوام قلت آب سے دوچار ہیں پانی کے بحران کی وجہ سے ٹینکر مافیا کی چاندی ہوگئی ہے دوسری جانب متوسط و غریب عوام مضر صحت پانی پینے پر مجبور ہیں۔ جس کی وجہ سے شہر میں کسی بھی وبائی مرض کے پھیلنے کا قوی امکان ہے عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام بلوچستان سے صورتحال کا نوٹس لینے اور عوام کو بنیادی ضروری سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 16 JUN 2025

Bullet No. 6

Page No. 11

# کوئٹہ میں نشے کے عادی افراد کی تعداد میں اضافہ!

ایک خبر کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اس وقت جہاں دیگر مسائل کا شکار ہے وہاں ایک بہت بڑا مسئلہ بھی درپیش ہے کیونکہ کوئٹہ میں نشے کے عادی افراد کی تعداد میں روز بروز بڑی تیزی کے ساتھ اضافہ ہورہا ہے۔غیر سرکاری تنظیموں کے اعداد وشمار کے مطابق کوئٹہ شہر میں اس وقت منشیات رجسٹرڈ افراد کی تعداد 28 ہزار سے زائد ہے جبکہ ایک سروے کے مطابق بلوچستان میں 2لاکھ 80ہزار افراد منشیات استعمال کرتے ہیں۔جب کہ اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔منشیات کے عادی افراد میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ ہے جن میں 14 سے 25 سال تک کی عمر کے نوجوان شامل ہیں۔اس طرح منشیات استعمال کرنے والی خواتین اورلڑکیوں کی تعداد میں بھی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔کوئٹہ شہر کے وسط میں قائم سٹی نالے میں روزانہ مبینہ طور پر لاکھوں روپے کی منشیات کی خرید وفروخت ہورہی ہے۔نشے کے یہ افراد اپنا نشہ پورا کرنے کے لیے چوریوں سے بھی نہیں کتراتے۔وہ موقع ملتے ہی چوری کی وارداتیں کرتے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے میں نشے کے عادی بڑی تعداد میں نشے کے عادی افراد کا ہونا بہت بڑا لمحہ فکریہ اور یہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے کیونکہ ان کی کارکردگی اچھی نہ ہونے کے باعث مذکورہ صورتحال بنی ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں اقدامات نہ ہونے کے باعث اس وقت صورتحال بہت گھمبیر ہوچکی ہے۔کیونکہ نوجوان نسل کا منشیات کا عادی ہونا معاشرے کے لے کلنک کا ٹیکہ ہے جن نوجوانوں نے مستقبل کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے اگر وہی نشے کے عادی بن گئے تو یہ ملک کے مستقبل کو خطرہ ہوگا جو کہ کسی صورت نہیں ہونا چاہیئے۔اس کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو آپس میں مل کر منشیات کے خاتمے کے لیے کام کرنا چاہیئے۔اس میں عملی طور پر اقدامات کرنے چاہئیں۔یہ ایسا نہیں ہوگا کہ گاہے لگاہے کوئٹہ شہر کے سٹی نالے میں چھاپہ مارکر کچھ لوگوں کو گرفتار کرلیا جائے اور پھر ان کو بعد میں چھوڑ دیا جائے اب تک یہ کھیل سٹی لانے تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کا دائرہ پورے شہر میں پھیل چکا ہے۔ہر گلی کوچے میں نشے کے عادی افراد دندناتے پھرتے ہیں اور وہ موقع ملتے ہی چوریاں بھی کرنے سے نہیں کتراتے اس لیے ان کے روک تھام کے لیے اقدامات کرنا نہایت ناگزیر ہے۔ایسے افراد کو گرفتار کرکے ان کا علاج کرایا جائے اور نشے کے عادی افراد کو اس وقت تک نہیں چھوڑنا چاہیئے جب تک وہ نشے کی عادت ترک نہ کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 16 JUN 2025 Page No. 15

# علم کے فروغ اور تعمیر و ترقی کا سفر، کاکا شہید فاؤنڈیشن کا مثالی کردار



تلخ حقیقت

Ranzooryar18@gmail.com

محمد نسیم رنزوریار

بلوچستان کا ضلع قلعہ عبداللہ یوں تو بے شمار مسائل میں گھرا ہوا ہے تاہم صحت اور تعلیم کے شعبے زیادہ مسائل سے دوچار ہیں ایسے میں تعلیمی میدان میں گزشتہ کچھ ہی عرصے کے دوران علاقے کی ایک اہم سیاسی قبائلی اور سماجی شخصیت احمد خان اچکزئی نے جو نمایاں کام کیا ہے وہ انتہائی قابل ستائش ہے۔ سردار احمد خان اچکزئی بلوچستان میں امید، ترقی اور بے لوث قیادت کی کرن کے طور پر کھڑے ہیں۔ اپنے لوگوں کی بہتری کے لیے پرعزم ہیں، اس نے قلعہ عبداللہ کے پسماندہ اور تنازعات سے متاثرہ علاقے میں حقیقی تبدیلی لانے کے لیے اپنے ذاتی وسائل خرچ کر کے ایک پسماندہ علاقے کو ترقی پذیر بنایا۔ سردار احمد خان اپنے ذاتی ایجوکیشنل سسٹم (اے کے ای ایس) کے بانی کے طور پر ابھرے ہیں، اس نے دور دراز کی آبادیوں میں بچوں اور نوجوانوں کی تعلیم تک رسائی کو تبدیل کر دیا ہے۔ ان کا اہم اقدام، گلستان میں احمد خان پبلک سکول اینڈ کالج ہے جس میں فی الحال 1,200 طلباء کو مفت معیاری تعلیم فراہم کی جا رہی ہے 500 لڑکیوں اور 700 لڑکوں کو- مفت کتابیں، مفت یونیفارم اور ٹرانسپورٹ خدمات کے ساتھ مزید برآں کا تعلیمی اور ترقی کا سفر رواں ہے۔ انہوں نے کاکا شہید فاؤنڈیشن کے ذریعے پاکستان بھر کے 100 سے زائد طلباء کو وظائف بھی فراہم کیے ہیں۔ ان مالی رکاوٹوں کو ختم کرتے ہوئے جو اکثر بچوں کو اسکول سے دور رکھتی ہیں، اس نے سیکھنے، بااختیار بنانے اور طویل مدتی ترقی کے مواقع پیدا کیے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کی ضرورت کو سمجھتے ہوئے، سردار احمد خان اچکزئی نے گلستان میں 10 ایکڑ اراضی پر ایک مقصد سے بنایا ہوا کالج کیمپس بھی تعمیر کر رہے ہیں، جو جلد ہی بی ایس ڈگری پروگراموں کی فیکلٹی شروع کر دے گا، جس میں صحت اور الائیڈ سائنسز جیسے ان ڈیمانڈ فیلڈز شامل ہیں۔ یہ بلوچستان کے نوجوانوں خصوصاً لڑکیوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کو گھر کے قریب لانے کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے، جنہیں اکثر اپنے آبائی شہروں سے باہر تعلیم حاصل کرنے میں ثقافتی اور لاجسٹک چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کالج کا مقصد خطے میں جدید تعلیم اور مہارتوں کی نشوونما کا مرکز بنتا ہے، جو ایسے پیشہ ور افراد پیدا کرے جو پاکستان کے سماجی اور اقتصادی ڈھانچے میں اپنا حصہ ڈال سکیں احمد خان اچکزئی کاکا شہید فاؤنڈیشن کی قیادت کرتے ہیں، جو وسیع تر ترقیاتی کوششوں پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ فاؤنڈیشن نوجوانوں کو بااختیار بنانے، کاروباری افراد کے لیے بلاسود قرضوں، خواتین کو بااختیار بنانے کے پروگرام، اور پیشہ ورانہ تربیت کے لئے کوشاں ہے احمد خان اچکزئی کے خصوصی ہدایات پر کاکا شہید فاؤنڈیشن کے زیر انتظام شہید شاہ گل ہاؤس قلعہ عبداللہ میں ماہر ڈاکٹروں نے تقریباً 250 افراد کا مفت علاج کیا اور مریضوں کو مفت ادویات اور چشمے بھی دیے گئے۔ یہ مفت کیمپ دو دن مسلسل مریضوں کا علاج کرتا رہا۔ اسی طرح کھیلوں کے سامان کی تقسیم، زرعی امداد، اور عوامی پارکوں کی تعمیر کے ذریعے، وہ ان کمیونٹیز کے لیے امید اور وقار بحال کر رہا ہے جو طویل عرصے سے نظرانداز کیے ہوئے ہیں۔ امن اور ترقی کے لیے ایک واضح وژن کے ساتھ احمد خان اچکزئی تبدیلی کی ترغیب دیتے رہتے ہیں، یہ ثابت کرتے ہیں کہ جب قلم نوجوانوں کے ہاتھ میں دیا جاتا ہے تو وہ تلوار سے زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ جہاں علم عام ہوتا ہے، وہاں کردار سنورتے ہیں، اور معاشرے سنہری اقدار سے آراستہ ہو جاتے ہیں۔ صحت ایک ایسی نعمت ہے جس کی حفاظت ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ تندرست جسم میں ہی توانا فکر جنم لیتی ہے۔ ایک صحت مند قوم ہی ترقی کے زینے طے کر سکتی ہے، کیونکہ بیماری سے بوجھل جسم نہ علم حاصل کر سکتا ہے، نہ ہنر اپنا سکتا ہے۔ صاف پانی، متوازن غذا، اور بنیادی طبی سہولیات ہر شہری کا حق ہیں، جن کی فراہمی ایک ذمہ دار معاشرے کی پہچان ہے۔ امن، زندگی کا سکون ہے۔ جس معاشرے میں امن قائم ہوتا ہے، وہاں خواب بیدار ہوتے ہیں اور تعمیر کا عمل پنپتا ہے۔ نفرت، تعصب اور انتقام کی آگ صرف بربادی لاتی ہے، جبکہ رواداری، برداشت اور گفتگو سے پھوٹنے والی روشنی، ترقی کی راہ ہموار کرتی ہے۔ اتحاد، ملت کی بنیاد ہے۔ جب دلوں میں ہم آہنگی ہو، اور قوم ایک جسم کی مانند ہو، تو کوئی طاقت اسے زیر نہیں کر سکتی ہے۔ رنگ، نسل، زبان اور فرقہ واریت کے پردے ہٹا کر جب انسانیت کی بنیاد پر ایک دوسرے کو اپنایا جائے تو ایک ایسا معاشرہ جنم لیتا ہے جہاں انصاف، محبت اور ترقی کا دور دورہ ہوتا ہے۔ آئیے ہم سب مل کر تعلیم کو عام، صحت کو یقینی، امن کو مضبوط، اور اتحاد کو مستحکم بنائیں۔ یہی وہ ستون ہیں جن پر ایک روشن، باوقار اور بااعتماد قوم کھڑی ہوتی ہے۔

CamScanner